حصہ۔ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

eduvision.edu.pk

(۱) ضعفین کے معنیٰ ________ ہیں۔

(الف) چار گنا (ب) دوگنا (ج) تین گنا (د) پانچ گنا

(۲) براوا کے معنیٰ ________ ہیں۔

(الف) بےقرار (ب) بیزار (ج) بےشمار (د) بےاعتبار

(۳) الکوافر کے معنیٰ ________ ہیں۔

(الف) منافق عورتیں (ب) کافر عورتیں (ج) مشرک عورتیں (د) فاسق عورتیں

(۴) جنگ بدر میں کفار کے لشکر کا سردار تھا۔

(الف) عتبہ (ب) عتیبہ (ج) ابوجہل (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۵) بےشک تمہارا ________ اور اولاد بڑی آزمائش ہے۔

(الف) گھر (ب) کاروبار (ج) مال (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۶) قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام کو ________ کرنے کا حکم دیا۔

(الف) شکر (ب) جہاد (ج) صبر (د) عبادت

(۷) قرآن شریف کے ایک حرف کی تلاوت پر کتنی نیکیاں ملتی ہیں۔

(الف) 10 (ب) 15 (ج) 20 (د) 05

(۸) زکوۃ لفظ کے کیا معنیٰ ہیں؟

(الف) مدد کرنا (ب) پاک ہونا (ج) حکم ماننا (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۹) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ بولے بیٹے کا نام تھا۔

(الف) حضرت بلالؓ (ب) حضرت حذیفہؓ (ج) حضرت اسامہؓ (د) حضرت زیدؓ

(۱۰) اللہ تعالیٰ نے انسان کی کامل رہنمائی کے لئے ________ مبعوث فرمائے۔

(الف) بزرگان دین (ب) فرشتے (ج) انبیاء کرام (د) علماء کرام

(۱۱) بےشک اللہ تعالیٰ آدمی اور اس کے ________ درمیان حائل ہو جاتا ہے۔

(الف) دل (ب) معاملات (ج) راستے (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۱۲) سورۃ الممتحنہ میں ________ نے اللہ تعالیٰ سے اپنے باپ کیلئے مغفرت کی دعا مانگی۔

(الف) حضور صلی اللہ علیہ وسلم (ب) حضرت داؤد علیہ السلام

(ج) حضرت یونس علیہ السلام (د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۱۳) خاندان کے دو اہم ستون ________ ہیں۔

(الف) مرد و عورت (ب) میاں بیوی (ج) ماں باپ (د) عزیز و اقارب

(۱۴) ایک جگہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ منتقل ہو جانے کو ________ کہتے ہیں۔

(الف) سفر (ب) ہجرت (ج) نصرت (د) سیاحت

(۱۵) اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کو ________ کی ترغیب دو۔

eduvision.edu.pk

(الف) جہاد　　(ب) آرام　　(ج) سفر　　(د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک آیت کا مفہوم بیان کیجئے۔

(الف) ولا تبرجن تبرج الجاهلیته الاولی　　(ب) اذا تلیف علیهم اینه زادتهم ایماناً

سوال۳۔ سورۃ احزاب کے ابتداء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کن باتوں کی تلقین کی گئی ہے؟

سوال۴۔ واذ یمکر بک الذین کفروا میں کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے؟

سوال۵۔ غزوہ بدر میں مسلمانوں کی نصرت کے لئے نازل ہونے والے فرشتوں کو دیکھ کر شیطان کا ردعمل کیا تھا؟

سوال۶۔ قرآن شریف کا تعارف بیان کیجئے۔

سوال۷۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ لکھئے۔

(الف) خیر الناس من ینفع الناس　　(ب) طلب العلم فریضته علی کل مسلم

سوال۸۔ جہاد کی مختلف اقسام بیان کیجئے۔

سوال۹۔ سورۃ الممتحنہ میں اللہ تعالیٰ نے کس طرح کے کفار کے ساتھ عدل واحسان کی اجازت دی ہے؟

سوال۱۰۔ کفار کے ساتھ مقابلے کی صورت میں سورۃ الانفال میں کیا ہدایات دی گئی ہیں؟

سوال۱۱۔ زکوٰۃ کا مفہوم اور اس کی فرضیت بیان کیجئے۔

سوال۱۲۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ الانفال میں قیدیوں کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا ہے؟

سوال۱۳۔ غسل کرنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

eduvision.edu.pk

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کنہی بھی 03 سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

سوال۱۴۔ اللہ تعالیٰ نے ہجرت کر کے آنے والی مومن عورتوں کے بارے میں اہل ایمان کو کیا تلقین فرمائی ہے؟

سوال۱۵۔ خاندانی نظام کی اہمیت بیان کیجئے۔

سوال۱۶۔ مندرجہ ذیل حدیث کا ترجمہ کر کے مکمل وضاحت کے ساتھ تشریح کیجئے۔

کلکم داع کلکم مسول عن رعیته

سوال۱۷۔ سورۃ الانفال میں تقویٰ کے کیا انعامات بیان ہوئے ہیں؟

سوال۱۸۔ قرآن مجید کی روشنی میں علم کی اہمیت بیان کیجئے۔